NATIONAL SENIOR CERTIFICATE EXAMINATION
NOVEMBER 2024

# URDU SECOND ADDITIONAL LANGUAGE: PAPER I

Time: 2 hours 100 marks

---

**PLEASE READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY**

1. This question paper consists of 12 pages. Please check that your question paper is complete.
2. Answer ALL questions using the Urdu script, unless otherwise required in English.
3. Start each question on a new page. Answer both Sections A and B.
4. Rule off after every question.
5. Leave a line after every answer, i.e. Write on alternate lines.
6. Start each section on a new page.
7. Strike out all rough work.
8. It is in your own interest to write legibly and to present your work neatly.

---

IEB Copyright © 2024

**SECTION A**

**QUESTION 1**

سیکشن اے

سوال نمبر ا

کہانی کو غور سے پڑھیئے اور سوالوں کا جواب دیجیئے :

# جنت کی مٹی

ایک دیہاتی نے ایک خوبصورت گھر بنایا۔ گھر کے قریب انہوں نے ایک مسجد بھی تعمیر کی۔ ان کے چار بیٹے تھے۔ یہ وہ چاہتے تھے کہ اپنے بچے دین دار بنیں۔ جب تعمیر مکمل ہوئی تو اس نے اپنے بیٹوں کو بلایا اور کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ اس مسجد کی لپائی جنت کی مٹی سے کروں۔ تم سب بھائی جاؤ اور جنت کی مٹی تلاش کر کے لاؤ۔ بیٹے پریشان ہو گئے کہ جنت کی مٹی کہاں سے لائیں۔ باپ کا حکم تھا۔ تینوں بیٹے ڈھونڈنے نکل گئے، جبکہ سب سے چھوٹا بیٹا بیمار تھا۔ وہ گھر پر ہی رہا۔ بھائی شام کو تھکے ہارے خالی ہاتھ ناکام گھر لوٹ آئے، تو کیا دیکھتے ہیں چھوٹا بھائی بوری میں مٹی بھر کے بیٹھا ہے۔

باپ نے پوچھا: "بیٹے! گھر بیٹھے تجھے جنت کی مٹی کہاں سے مل گئی"، بیٹے نے کہا سارا دن ماں کے پیچھے پیچھے پھرتا رہا۔ جہاں جہاں وہ قدم رکھتی تھی وہاں وہاں سے مٹی اٹھا اٹھا کر جمع کرتا رہا یہی وہ مٹی ہے۔ یہ میرے لیے جنت کی مٹی ہے یہ میرے لیے سب سے قیمتی مٹی ہیں کیونکہ حضور اکرم آقائے پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ ماں کے زیر قدم، جنت آباد ہے۔ باپ یہ سن کر ان کی آنکھ بھر آئی اور اپنے فرزند کو گلے سے لگایا اور اپنے بیٹوں سے کہا کہ آج آپ کے چھوٹے بھائی نے ہم سب کو ایک بڑا سبق سکھایا۔

[Adapted from the book entitled "*Tasleemi Hikkayat*"]

1.1 دیہاتی نے سب سے پہلا کیا بنایا؟ (2)

1.2 اس کے قریب اور کیا بنایا؟ (2)

1.3 انہوں نے یہ مسجد کیوں بنائی؟ (2)

1.4 دیہاتی کے کتنے بیٹے تھے؟ (2)

1.5 دیہاتی نے اپنے بچوں کو کیا حکم دیا؟ (2)

1.6 مٹی ڈھونڈنے کے لئے کتنے بھائی نکلے؟ (2)

1.7 کون سا بیٹا کامیاب نکلا؟ (2)

1.8 اس کو مٹی کہاں سے ملی؟ (2)

**[16]**

IEB Copyright © 2024

## QUESTION 2

## سوال نمبر ۲

Construct sentences using the following words:

ذیل لفظوں کو اپنے جملے میں استعمال کیجیئے:

2.1 خوبصورت (1)

2.2 مسجد (1)

2.3 تلاش (1)

2.4 بیمار (1)

2.5 شام (1)

**[5]**

## QUESTION 3

## سوال نمبر ۳

Rewrite the following words in the plural form:

ذیل لفظوں کو واحد سے جمع میں لکھیں:

3.1 بیٹا (1)

3.2 بھائی (1)

3.3 گھر (1)

3.4 دن (1)

**[4]**

IEB Copyright © 2024 

## QUESTION 4

## سوال نمبر ۴

Use the following verbs correctly and complete the sentences thereafter:

ذیل جملوں میں صحیح فعل استعمال کر کے پورا کیجیئے:

| |
|---|
| جارہی جارہا - چلارہی چلارہا - لکھتی لکھتا - سورہی سورہا - دیکھا دیکھی - پیتا پیتی - پڑھتا پڑھتی |

4.1 الطاف کتاب _____ ہے۔ (1)

4.2 فرحانہ نل سے پانی _____ ہے۔ (1)

4.3 بلی بستر پہ _____ ہے۔ (1)

4.4 میں قلم سے _____ ہوں۔ (1)

4.5 لڑکی گاڑی _____ ہے۔ (1)

**[5]**

IEB Copyright © 2024


## QUESTION 5

## سوال نمبر ۵

Look at the picture given below and then write a short story of about 7 to 10 lines:

نیچے دی ہوئی تصویر کو غور سے دیکھیں اور ایک چھوٹی کہانی لکھیئے (۷ — ۱۰ لائن)۔ دیئے ہوئے الفاظ کو آپ استعمال کر سکتے ہیں:

| |
|---|
| بلی - کتا - میز - دسترخوان - گلاب دان - نفرت - تصویر - تصویر کی فریم - کتاب - گھر - پھول - جانی دشمن - برباد - پیچھے پیچھے توڑ ڈالیں — بھاگ کر توڑ ڈالیں |



**[10]**

IEB Copyright © 2024

**QUESTION 6**

**سوال نمبر ۶**

Study the advert carefully and then answer the questions that follow:

ذیل اشتہار کو غور سے مطالعہ کرے، پھر سوالات کے جوابات دیجیئے:

## ڈاکٹر کنیز آمنہ ڈینٹل پریکٹس

"درد سے پاک علاج"



آپ کے دانتوں کی تمام ضروریات کے لیے۔

**خدمات:**

- ☆ ٹیڑھے دانتوں کا علاج
- ☆ دانتوں کی صفائی
- ☆ دانتوں کی پالش کرنا
- ☆ روٹ کینال ٹرٹمنٹ
- ☆ بچوں کے دانتوں کا علاج

"ہم تمام میڈیکل ایڈز کو قبول کرتے ہیں"

ڈینٹسٹ ڈاکٹر کنیز آمنہ حسین

139 فلاورنس نائٹنگ گیل روڈ

ویسٹکلف

چاسٹورتھ

ڈربن صوبہ نٹال

سیل فون نمبر: 0012678692

IEB Copyright © 2024

6.1 ڈاکٹر کا نام کیا ہے؟ (2)

6.2 وہ کس قسم کی ڈاکٹر ہے؟ (2)

6.3 وہ کس قسم کا علاج پیش کرتی ہے؟ (2)

6.4 اس کی پریکٹس آپ کو کہاں ملے گی؟ (2)

6.5 دو خدمات بتائیں جو وہ دانت کا علاج کے لئے کرتی ہے؟ (2)

6.6 وہ کس کس میڈیکل ایڈز کو قبول کرتی ہے؟ (2)

**[12]**

## QUESTION 7

## سوال نمبر ۷

Translate the following sentences from English into Urdu:

7.1 My father bought a new car. (1)

7.2 All the children are at school today. (1)

7.3 I love the Urdu language. (1)

7.4 My paternal grandparents live in Pakistan. (1)

7.5 All the shops are closed today because it is a national holiday. (1)

**[5]**

IEB Copyright © 2024

## QUESTION 8

## سوال نمبر ۸

Match the English words with the Urdu words given below. An example has been done for you.

ذیل میں کچھ انگریزی الفاظ ہیں جو اردو الفاظ سے ملتے ہیں۔اس کو اردو الفاظ سے ملاؤ:

| except / accept / there / their / lose / loose / which / what |
|---|

مثال کے طور پر : سوائے – except

8.1 وہاں (1)

8.2 کیا (1)

8.3 کھونا (1)

**[3]**

**60 marks**

IEB Copyright © 2024

## SECTION B PRESCRIBED TEXT

## سیکشن بی پریسکرائب ٹیکسٹ

## QUESTION 9

## سوال نمبر ۹

Read the following poem carefully and then answer the questions that follow:

نیچے دی گئی نظم کو غور سے پڑھیں اور پھر آنے والے سوالات کے جوابات دیں:

### محنتی لڑکا

ایک دن میں بازار گیا
پیڑ کے نیچے بیٹھا ہے
اس کے کپڑے میلے ہیں
جوتے پالش کرنے سے
مجھ کو اس پر رحم آیا
کچھ پیسے دینے چاہے
بولا محنت کرتا ہوں
پہلے پالش کروالوں

دیکھا ایک چھوٹا لڑکا
جوتے پالش کرتا ہے
اس کے پاؤں بھی ننگے ہیں
اس کے ہاتھ بھی ہیں کالے
چل کر اس کے پاس گیا
پر نہ لیے اس لڑکے نے
پیٹ یوں اپنا بھرتا ہوں
پھر محنت کے پیسے دو

محنت سچی دولت ہے
محنت ہی میں عزت ہے

علامہ الطاف حسین حالی

IEB Copyright © 2024 

9.1 ایک دن شاعر کہاں گیا؟ (2)

9.2 وہاں شاعر نے کس کو دیکھا؟ (2)

9.3 وہ کیا کر رہا تھا؟ (2)

9.4 وہ کہاں بیٹھا تھا؟ (2)

9.5 لڑکے کے کپڑے کیسے تھے؟ (2)

9.6 شاعر اس لڑکے کو کیا دینا چاہتا تھا؟ (2)

9.7 لڑکے نے جواب میں کیا بولا تھا؟ (2)

9.8 نظم سے دئے ہوئے نیچے الفاظ کے ضد الفاظ لکھیئے:

9.8.1 بڑا - _____ لائن 1 (1)

9.8.2 کھڑا - _____ لائن 2 (1)

9.8.3 لڑکی - _____ لائن 6 (1)

9.8.4 جھوٹی - _____ لائن 9 (1)

9.9 یہ نظم ہمیں کیا سبق سکھاتی ہے؟ (2)

**[20]**

IEB Copyright © 2024

**QUESTION 10**

**سوال نمبر ۱۰**

Read the short story below and then answer the questions that follow:

نیچے دی ہوئی کہانی کو غور سے پڑھیے اور اس کے بعد آنے والے سوالات کے جوابات دیجیئے:

## اسپتال

ارے، سامنے چوراہے پر دیکھو، بھیڑ کیسی لگی ہے۔ دیکھو، آدمیوں کے پاس ہی ایک لاری بھی کھڑی ہے۔ چلو، ذرا دوڑ کر چلیں اور دیکھے کہ کیا ہوا ہے۔ ارے، یہ تو ایک آدمی خون میں تر بتر پڑا ہے۔ شاید یہ لاری کے نیچے کچل گیا۔ آؤ، کسی سے پوچھیں۔

"کیوں بھائی، کیا بات ہوئی؟ یہ آدمی بے چارہ خون میں ڈوبا ہوا کیسا پڑا ہے؟"

"بھائی، کیا بتائیں! یہ گاڑی والے اتنی تیزی سے گاڑی چلاتے ہیں کہ روز کوئی نہ کوئی کچل جاتا ہے۔ یہ غریب بھی گاڑی کے نیچے دب گیا۔ اور جب ہی سے بے ہوش پڑا ہے۔"

"اب تو اس کا علاج کون کرے گا؟"

"ہم لوگ اسے اسپتال لے جا رہے ہیں۔"

"تو کیا اسپتال میں پیسے خرچ نہیں ہوں گے؟"

"نہیں نہیں، تمہیں شاید نہیں معلوم اسپتال تو اسی لئے کھولے جاتے ہیں، کہ وہ لوگ جن کے پاس کھانے تک کو پیسے نہیں، ان اسپتالوں میں مفت علاج کروا سکیں۔"

"پھر ان اسپتالوں کا خرچ کون دیتا ہے؟"

"کچھ اسپتال تو سرکار کی طرف سے کھولے جاتے ہیں۔ ان میں امیر آدمی بھی چندہ دیتے ہیں۔ اور کچھ ایسے ہیں جو ملک کے امیر غریب مل کر اپنے بھائیوں کی بھلائی کے لئے کھول دیتے ہیں۔ ان اسپتالوں میں مریض کو دوا بھی مفت ملتی ہے۔ اور جو لوگ زیادہ بیمار ہوتے ہیں انہیں بغیر کسی خرچ کے اسپتال میں رکھا جاتا ہے۔ ایسے لوگوں کو کھانے بھی مفت ملتا ہے۔"

IEB Copyright © 2024 

10.1 آدمیوں کے پاس اور کیا کھڑی تھی؟ (2)

10.2 اس زخمی آدمی کا حال بیان کریں؟ (2)

10.3 اس آدمی کے ساتھ کیا ہوا تھا؟ (2)

10.4 یہ لوگ اس آدمی کو علاج کے لئے کہاں لے جا رہے تھے؟ (2)

10.5 کیا اسپتال کی فیس بھرنا ہے یا نہیں؟ (2)

10.6 اسپتال کے لئے کون چندہ دیتے ہیں؟ (2)

10.7 Construct sentences of your own with the following words:

10.7 نیچے کچھ الفاظ عبارت سے نکالے گئے ہیں۔ ان کے ساتھ جملے بنائے:

10.7.1 گاڑی (2)

10.7.2 مفت (2)

10.7.3 دوا (2)

10.7.4 امیر (2)

**[20]**

**40 marks**

**Total: 100 marks**

IEB Copyright © 2024